PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2016/4231
Dated Peshawar, the 15-/08/2016.

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Home and Tribal Affairs Department.

Subject: JOINT RESOLUTION NO. 804 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on 03-08-2016 has unanimously passed the following Joint Resolution No. 804 moved by Sahibzada Sanaullah, Sardar Muhammad Idrees, Syed Muhammad Ali Shah, Dr. Haider Ali, Parliamentary Secretary, Mr. Fakhr-e-Azam Wazir, Mr. Imtiaz Shahid, Minister for Law, Parliamentary Affairs and Human Rights, Mr. Munawar Khan Advocate, Mr. Zareen Gul, Mr. Bakht Baidar, Mr. Shah Muhammad Khan, Parliamentary Secretary, Mufti Maulana Fazal Ghafoor, Mr. Fazle Elahi, Parliamentary Secretary, Mr. Ahmad Khan Bahadar, and Mr. Babar Khan, Member's Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

ہر گاہ کہ تقریبا25لاکھ پاکستانی رزق حلال اور ملک کے لئے زر مبادلہ کمانے کے لئے سعودی عرب میں مقیم ہیں اور دل وجان سے محنت مشقت کرکے اپنے اور اپنے اہل خانہ کے لئے روزی کماتے ہیں۔ لیکن پاکستانی کمیونٹی کو وہاں پر کافی مشکلات کا سامنا ہے۔ جن میں سے کچھ مشکلات حکومت پاکستان خود حل کر سکتی ہے جیسا کہ:۔

1۔ پاسپورٹ کے حصول کے لئے سعودی عرب میں صرف دو کاونٹر ہیں جو وہاں پر مقیم لاکھوں محنت کشوں کے لئے ناکافی ہیں۔ لہذا ان کی تعداد بڑھاکر کم از کم 5 کیا جائے۔

2۔ وفاقی حکومت سفارتی عملے کو اس بات کا پابند بنائے کہ سعودی عرب کے جیلوں میں قید معمولی نوعیت کے افراد کو قانونی امداد بروقت فراہم کرے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو۔

3۔ سعودی قانون کے مطابق قانونی ویزوں پر آئے ہوئے پاکستانیوں کو بغیر جرم گرفتار کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہزاروں افراد سعودی جیلوں میں بند ہیں۔ جن کی رہائی کے لئے حکومت پاکستان، سفارتی ذرائع استعمال کرکے گرفتار افراد کے رہائی کے لئے بھرپور اقدامات اٹھائے۔

جبکہ سعودی حکومت کے ساتھ جن مشکلات کو اجاگر کرنا ہے وہ یہ کہ:۔

1۔ مختلف کمپنیوں کے ساتھ بہت سے پاکستانی محنت کش، کام کرتے ہیں لیکن ان کو بروقت تنخواہ / معاوضہ نہیں دیا جاتا جس کی وجہ سے پاکستانی کمیونٹی کو سخت مشکلات کا سامنا ہے یہاں تک کہ فاقہ کشی کا شکار ہیں۔

2۔ سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کو حج پر جانے کی اجازت نہ دینے نیز ایک لاکھ اٹھاسٹھ ہزار افراد کے فنگر پرنٹس حاصل کرنے اور پانچ سال کے لئے بلیک لسٹ کرنے اور قانونی ویزے ہونے کے باوجود ان کے لئے مشکلات پیدا کرنے جیسے مسائل کا سامنا ہے۔

3۔ سعودی عرب میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو سعودی کفیلوں کی طرف سے ہراساں کرنے اور رقم لینے کی باوجود بار بار کفیلوں کے تبدیلی کے مطالبے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ حکومت پاکستان سے متعلقہ مسائل کو از خود فوری طور پر حل کیا جائے نیز سعودی حکومت سے وابستہ مشکلات کو حکومت سعودی عرب کے نوٹس میں لاکر سفارتی سطح پر ان کا مستقل حل نکالا جائے تاکہ پاکستانی کمیونٹی وہاں پر دل وجاں سے محنت مشقت کرکے اپنے لئے اور پوری قوم کے لئے زر مبادلہ کما سکے۔

Yours faithfully,

(INAMULLAH KHAN)
Assistant Secretary-VI,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa